# 29-08-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ سپریم کورٹ نے ووٹ کے بدلے نوٹ معاملہ میں جس میں چیف منسٹر ریونت ریڈی ملزم ہیں ایک خصوصی پراسیکیوٹر مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ چیف سکریٹری شانتی کماری نے کہا ہے کہ آوٹر رنگ روڈ تک تمام تالابوں، پارکوں، نہروں اور سرکاری مقامات کے تحفظ کی مکمل ذمہ داری ہائیڈرا کو سونپنے کیلئے رہنمایانہ خطوط تیار کئے جا رہے ہیں۔

☆ خواتین کی ترقی اور بچوں کی بہبود کی وزیر ڈی انا سویا سیتا اکا نے انسانوں کی خرید و فروخت کو روکنے کیلئے غیر سرکاری تنظیموں، حکومتوں اور پولیس کی مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

☆ مرکزی مملکتی وزیر جتین پرساد نے کہا ہے کہ بھارت اسٹارٹ اپ کمپنیوں کا مہا کمبھ ہے۔

☆☆☆☆☆

حیڈرا کے نام پر لوگوں کو ڈرا دھمکا کر رقومات کا مطالبہ کرتے ہوئے چند عہدیداروں کی بدعنوان سرگرمیوں سے متعلق شکایات کا چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سخت نوٹ لیا ہے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کے علم میں ایسی کئی شکایات آئی ہیں جن میں کہا گیا کہ محکمہ مال، بلدی نظم و نسق اور آبپاشی کے چند عہدیدار پرانی نوٹسوں کا حوالہ دیتے ہوئے رقومات کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ یہ نوٹسیں دو تا تین سال قبل جاری کی گئی تھیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ اگر عہدیدار قصور وار پائے گئے تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے اینٹی کرپشن بیورو اور ویجلنس اینڈ انفورسمنٹ ونگ سے کہا کہ وہ ایسے عہدیداروں کے خلاف کارروائی کریں۔

☆☆☆☆☆

وشاکھاپٹنم جاسوسی کیس میں نیشنل انوسٹی گیشن ایجنسی NIA نے ملک کی سات ریاستوں میں کئی مقامات پر تلاشیاں لی ہیں۔ ان میں تلنگانہ بھی شامل ہے۔ NIA نے بتایا کہ پاکستان کی آئی ایس آئی کے جاسوسی ریاکٹ کے ذریعہ خفیہ دفاعی معلومات کے افشاء سے متعلق اس کیس میں تلنگانہ کے بشمول سات ریاستوں میں 16 مقامات پر تلاشیاں لی گئیں۔ ملک میں جاسوسی سرگرمیوں کیلئے پاکستان سے رقومات پانے والے مشتبہ افراد کی عمارتوں کی تلاشیاں لی گئیں۔ این آئی اے نے ان تلاشیوں کے دوران بائیس موبائیل فونس اور کئی حساس دستاویزات ضبط کر لئے۔ جولائی 2023 میں این آئی اے نے اس کیس کی تحقیقات اپنے ہاتھوں میں لی تھی۔ اس سے قبل جنوری 2021 میں آندھرا پردیش کاؤنٹر انٹلی جنس سیل نے یہ مقدمہ درج کیا تھا۔

☆☆☆☆☆

ماحولیات، جنگلات اور ماحولیاتی تبدیلی کے مرکزی مملکتی وزیر کیرتی وردھن سنگھ نے آج دہلی میں اسوچم کی ماحولیات اور کاربن کانفرنس کا افتتاح کیا۔ سال 2070 تک نیٹ زیرو کے حصول کے لئے آپسی تعاون کے ماحول کو فروغ دینا اس کانفرنس کا موضوع ہے۔ وردھن سنگھ نے اس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماحولیات اور ماحولیاتی تبدیلی اب ایک عالمی مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک کو اس کے اثرات سے بچانے کیلئے کئی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت 2070 تک نیٹ زیرو کے حصول کیلئے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں ماحولیات پر اثر انداز ہونے والے مسائل کا حل تلاش کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆

ونپرتی ضلع کلکٹر آدرش سوربھی نے آج جنگیرڈی پورم کے ایس سی پری میٹرک بوائز ہاسٹل کا دورہ کیا اور طلبہ کو دستیاب سہولتوں کا جائزہ لیا۔ ایس سی کارپوریشن کی ای ڈی نوشیتا کو ہدایت دی گئی کہ وہ ڈائننگ ہال اور ہاسٹل میں مقیم طلبہ کے مینو کے مطابق دیگر سہولتوں کیلئے تجاویز تیار کریں۔ ضلع کلکٹر نے ہدایت دی کہ ہاسٹل میں مقیم طلبہ کو معیاری کھانا سربراہ کیا جائے۔ اس موقع پر پروگرام آفیسر ڈاکٹر سائی ناتھ ریڈی، ڈاکٹرس اور دوسرے عہدیدار بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

محبوب نگر ضلع میں آج ایک سڑک حادثہ میں چار افراد ہلاک اور چار دوسرے زخمی ہوگئے۔ بھوت پور منڈل کے ٹاٹی کونڈا میں محبوب نگر حیدرآباد قومی شاہراہ پر یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک کار نے کھڑی ہوئی ڈی سی ایم ویان کو ٹکر ماردی۔ پولیس نے بتایا کہ کار میں سوار افراد تروملا مندر کے درشن کے بعد حیدرآباد واپس ہورہے تھے۔ زخمیوں کو سرکاری دواخانہ میں شریک کیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ اس نے ایک مقدمہ درج کرلیا ہے اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔

☆☆☆☆☆

خواتین کی ترقی اور بچوں کی بہبود کی وزیر ڈی انا سویا سیتا اکا نے انسانوں کی خرید وفروخت کو روکنے کیلئے غیر سرکاری تنظیموں، حکومتوں اور پولیس کی مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے خواتین کیلئے مالی تحفظ کے ساتھ سماجی تحفظ کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے احترام کو یقینی بنانے کیلئے بچپن سے ہی خواتین کے حقوق کے تئیں احترام پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں اسٹیٹ ویمن سیفٹی ونگ کی جانب سے انسانی تجارت کو روکنے کیلئے اقدامات پر منعقدہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مجرمین کو سزا اور اصلاحی اقدامات سے جرائم کی شرح میں کمی آئے گی۔ خواتین کی سلامتی کیلئے پولیس کی جانب سے کئے جارہے اقدامات کی ستائش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کے تعلق سے ذہنی فکر کو تبدیل کرنے کیلئے مزید اقدامات کرے گی۔ خواتین کے احترام کیلئے اسکولی نصاب میں ضروری مواد فراہم کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

چیف سکریٹری شانتی کماری نے کہا ہے کہ آؤٹر رنگ روڈ تک تمام تالابوں، پارکوں، نہروں اور سرکاری مقامات کے تحفظ کی مکمل ذمہ داری ہائیڈرا کو سونپنے کیلئے رہنمایانہ خطوط تیار کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے سرکاری جائیدادوں کے تحفظ کیلئے غیر مجاز قبضوں کو برخاست کرنے گزشتہ چند دن کے دوران تلنگانہ ہائی کورٹ کی جانب سے جاری کئے گئے احکام پر ایک جامع منصوبہ تیار کرنے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس طلب کیا۔ سرکاری مقامات، تالابوں اور دیگر جائیدادوں کے تحفظ کیلئے ہائیڈرا کو مزید اختیارات اور ملازمین مختص کرنے کے اقدامات پر بھی اس اجلاس میں غور کیا گیا۔ چیف سکریٹری نے کہا کہ بلدی نظم ونسق کے پرنسپل سکریٹری کو او آر آر کی حدود میں ہائیڈرا کی جانب سے تخلیہ کی تمام نوٹسیں جاری کرنے کیلئے طریقہ کار کو قطعیت دینے کی ہدایت دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

حکومت نے یونین پبلک سروس کمیشن رضا کارانہ بنیاد پر امیدواروں کی شناخت کیلئے آدھار کی بنیاد پر توثیق کی اجازت دی ہے۔ رجسٹریشن کے موقع پر اور امتحانات اور بھرتی کے مختلف مراحل کے دوران یو پی ایس سی امیدواروں کی تصدیق کرسکتا ہے۔ یہ فیصلہ پوجا کھیڑکر کی امیدواری کی منسوخی کے بعد کیا گیا ہے۔ سیول سروس امتحانات میں غلط شناخت کے ذریعہ شرکت پر پوجا کھیڑکر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں مستقبل میں تمام امتحانات کیلئے نااہل قرار دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کی پابند ہے کہ اسپورٹس کی مکمل حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو ثابت کرسکیں۔ نیشنل اسپورٹس ڈے کے موقع پر وزیر اعظم نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ملک ہاکی کے عظیم کھلاڑی میجر دھیان چند کو آج خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن کھیل کے تعلق سے جذبہ رکھنے اور بھارت کی نمائندگی کرنے والے تمام کھلاڑیوں کو مبارکباد دینے کا موقع ہے۔

☆☆☆☆☆

الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے مرکزی مملکتی وزیر جتین پرساد نے آج دہلی میں ڈیجیٹل بھارت اکنامی کانکلیو سے خطاب کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بھارت اسٹارٹ اپ کمپنیوں کا مہا کمبھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سال کے دوران بھارت میں ہر چالیس منٹ میں ایک اسٹارٹ اپ کمپنی قائم کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے ایک لاکھ چالار اسٹارٹ اپس میں سے پینتالیس فیصد سے زیادہ کی قیادت خواتین کررہی ہیں۔ آدھے سے زیادہ اسٹارٹ اپس میں کم سے کم ایک خاتون ڈائرکٹر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں آرٹیفیشل انٹلی جنس کیلئے دس ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ منظور کئے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے یوم تلگو زبان کے موقع پر آج عوام کو مبارک باد دی ہے۔سوشیل میڈیا پر اپنے ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ تلگو ایک انتہائی مالا مال زبان ہے جس نے نہ صرف بھارت بلکہ دنیا بھر میں اپنا مقام بنایا ہے۔انہوں نے تلگو کو مقبول کرنے کی کوشش کرنے والوں کی ستائش کی۔

☆☆☆☆☆